# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 12th November, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**2.** **DR. SHARMILA FARUQUI** **MR. RAMESH LAL**
**MR. KHURSHID AHMED JUNEJO** to invite attention of the Minister for Interior, to a matter of urgent public importance regarding 35% surge in cybercrimes in 2025, challenging public safety and existing cyber security measures, causing grave concern amongst the public.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**3.** Further consideration of the following motion moved by **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice on 11th November, 2025:-

> "that the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once."

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**4.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice, to move that the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025], be passed.

**5.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill to establish the King Hamad University of Nursing and Associated Medical Sciences [The King Hamad University of Nursing and Associated Medical Sciences Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**6.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill to establish the King Hamad University of Nursing and Associated Medical Sciences [The King Hamad University of Nursing and Associated Medical Sciences Bill, 2025], be passed.

**7.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill to provide for the establishment and management of the Daanish Schools [The Daanish Schools Authority Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**8.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to provide for the establishment and management of the Daanish Schools [The Daanish Schools Authority Bill, 2025], be passed.

## MOTION OF THANKS

9. **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**10.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**11.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MS. SHAHIDA BEGUM** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** **MR. JAMES IQBAL** **MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI** to invite attention of the Minister for Interior, to a matter of urgent public importance regarding hacking of personal data including WhatsApp and other sensitive information of citizens, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**11th November, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۱۲ نومبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** **جناب رمیش لال** **جناب خورشید احمد جونیجو**

وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو عوامی تحفظ اور سائبر سیکورٹی کے موجودہ اقدامات کے لیے چیلنج بننے والے ۲۰۲۵ء میں سائبر جرائم میں ۳۵ فیصد اضافے سے متعلق ہے۔

## قانون سازی

۳۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف کی جانب سے ۱۱ نومبر، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید غور:۔

''کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ستائیسویں ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔''

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۴۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ستائیسویں ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۵۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ کنگ حماد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز کے قیام کا بل [کنگ حماد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ کنگ حماد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز کے قیام کا بل [کنگ حماد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۷۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ دانش اسکولز کے قیام اور انتظام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [دانش اسکولز اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۸۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ دانش اسکولز کے قیام اور انتظام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [دانش اسکولز اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک تشکر

**۹۔** **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۱۰۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۱۱۔** **محترمہ عالیہ کامران** **محترمہ شاہدہ بیگم** **محترمہ نعیمہ کشور خان**
**جناب جیمز اقبال** **مولانا عبدالغفور حیدری** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو شہریوں کے ذاتی ڈیٹا، بشمول واٹس ایپ اور دیگر حساس معلومات کی ہیکنگ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۱ نومبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**